علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

سطح: بی ایس اردو		سمسٹر: خزاں 2025
پرچہ: اردو ناول کا ارتقا: بیسویں صدی تا حال 9017		کل نمبر: 100
وقت: تین گھنٹے		کامیابی کے نمبر: 40

نوٹ: تمام پانچ سوالوں کے جوابات تحریر کریں۔

1	بیسویں صدی سے حال تک کا اردو ناول محض قصہ گوئی نہیں بلکہ برصغیر کے انسان کی تہذیبی شکست وریخت کی دستاویزی تاریخ ہے۔ اس خیال کی تائید یا تردید میں بحث کریں۔	20
2	اردو ناول نے واقعاتی جزئیات نگاری سے لے کر نفسیاتی عکاسی تک ایک طویل فنی سفر طے کیا ہے۔ ان متنوع اسالیب نے اردو ناول میں کیا اضافہ کیا؟ بحث کریں۔	20
3	"خدا کی بستی" میں خطِ غربت سے نیچے جینے والے کرداروں کے ذریعے پاکستانی سماج کی جو تصویر کشی کی گئی ہے، کیا وہ محض افسانہ ہے یا اس عہد کی ٹھوس عمرانی حقیقت؟ تفصیلی بحث کریں۔ یا شوکت صدیقی نے معاشی عدم مساوات اور طبقاتی استحصال کو جس طرح ناول کا موضوع بنایا ہے، اس کی روشنی میں ناول "خدا کی بستی" کے فکری پہلوؤں کا جائزہ لیں۔	20
4	"اداس نسلیں" کو جنگِ عظیم اول اور قیامِ پاکستان کے پس منظر میں برصغیر کے انسانوں کی المیہ داستان کیوں کہا جاتا ہے؟ ناول کے تناظر میں تفصیلی بحث کریں۔ یا عبداللہ حسین نے بیانیہ کی جس وسعت اور جزئیات نگاری کا استعمال کیا ہے، اس نے اردو ناول کے فنی معیار کو کیسے بلند کیا؟ ناول 'اداس نسلیں' کے حوالے سے بحث کریں۔	20
5	فکشن میں ماقبل تاریخ کی بازیافت کیسے ہوتی ہے۔ قدیم تہذیب کو "بہاؤ" میں جس طرح زندہ کیا گیا ہے، کیا وہ ایک ناول نگار کی تاریخی بصیرت ہے یا محض تخیل؟ دلائل سے لکھیں۔ یا ناول کے پلاٹ کی تعمیر میں مرزا اطہر بیگ نے روایتی قصہ گوئی کے ڈھانچے کو کس طرح توڑا ہے؟ "غلام باغ" کے حوالے سے تفصیلی بحث کریں۔	20

AIOU کے تمام پروگرامز کی حل شدہ مشقیں، خلاصہ جات، لیسن پلان، ریسرچ پروجیکٹ www.joheraiou.com سے فری ڈاؤنلوڈ کریں۔